كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَى أَن رَّآهُ اسْتَغْنَى

خبردار! بیشک انسان ضرور سرکش ہو جاتا ہے اس بنا پر کہ دیکھتا ہے وہ خود کو بے نیاز۔

اقْرَأْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

1. پڑھ اپنے رب کے نام سے، جس نے بنایا۔
2. بنایا آدمی لہو کی پھٹکی سے،
3. پڑھ، اور تیرا رب بڑا کریم ہے۔
4. جس نے علم سکھایا قلم سے۔
5. سکھایا آدمی کو جو نہ جانتا تھا۔
6. کوئی نہیں (خبردار)! آدمی سر چڑھتا (سرکش ہو جاتا) ہے،
7. اس سے کہ دیکھے آپ (خود) کو محفوظ۔
8. بیشک تیرے رب کی طرف پھر (لوٹ کر) جانا ہے۔

9. تو نے دیکھا وہ جو منع کرتا ہے،
10. ایک بندے کو، جب نماز کرے (پڑھے)؟
11. بھلا دیکھ تو اگر ہوتا (وہ بندہ) نیک راہ پر،
12. یا سکھاتا ڈر کے کام۔
13. بھلا دیکھ تو! اگر جھٹلایا اور منہ موڑا،
14. یہ نہ جانا کہ اللہ دیکھتا ہے؟

15. کوئی نہیں اگر باز نہ آئے گا۔ ہم گھسیٹیں گے چوٹی (پیشانی) پکڑ کر۔

16. کیسی چوٹی (پیشانی) جھوٹی گنہگار۔

17. اب بلائے اپنی مجلس (حامیوں کی) کو۔

18. ہم بلاتے ہیں پیادے (عذاب کے فرشتے) سیاست کرنے کو۔

19. کوئی نہیں (خبردار)! نہ مان اس کا کہا، اور سجدہ کر، اور نزدیک ہو۔ (سجدہ)

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com